# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date : 17 August 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

# آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

## علاقائی خبریں

تاریخ : ۱۷/ اگست ۲۰۲۴ء

وقت : صبح ۹.۰۰ سے ۹.۱۰ بجے

سب سے پہلے خاص خبروں کی سرخیاں ...

☆ وزیراعلیٰ میری لاڈلی بہن اسکیم کے تحت امدادی تقسیم کے ریاستی سطح کے پروگرام کا آج پونے میں انعقاد

☆ خواتین بچت گروپوں اور خواتین کاروباریوں کی مصنوعات کو قومی سطح پر بازاروں میں دستیاب کرانے کی وزیراعلیٰ کی ہدایت

☆ مہاوِکاس آگھاڑی کے وزیراعلیٰ چہرے کی حمایت کا اُدھو ٹھاکرے نے دیا تیقن

☆ 70 رویں نیشنل فلم ایوارڈس کا اعلان ' واڑوی کو بہترین مراٹھی فلم کا اعزاز

اور

☆ دھاراشیو میں سرکاری میڈیکل کالج کے قیام کے لیے 8 رہیکٹر زمین کی فراہمی

اب خبریں تفصیل سے...

وزیراعلیٰ میری لاڈلی بہن اسکیم کے ریاستی سطح کے امدادی تقسیم کا پروگرام آج پونے کے بالے واڑی کھیل میدان میں منعقد کیا جا رہا ہے۔ ریاست میں بہنوں کو تحفے کے طور پر رکشہ بندھن سے پہلے وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے ' نائب وزراء اعلیٰ دیویندر پھڑنویس اور اجیت پوار جولائی اور اگست مہینوں کی امداد خواتین کے کھاتوں میں جمع کرائیں گے۔ ریاستی سطح کی اِس تقریب میں خواتین استفادہ کنندگان کی شرکت کو یقینی بنانے کی خاطر تقریب کو ٹیلی ویژن سسٹم کے ذریعے براہ راست نشر کیا جائے گا۔

***** ***** *****

ہنگولی، ناندیڑ اور لاتور اضلاع میں ضلع سطح کا پروگرام کلکٹر دفاتر میں آج منعقد کیا جا رہا ہے۔ اِس موقع پر خواتین کے نمائندہ کے طور پر استفادہ کرنے والی چند خواتین کو اعزاز سے نوازا جائے گا۔ ساتھ ہی میری لاڈلی بہن اسکیم کے لیے درخواست پُر کرنے والی چند آنگن واڑی خادماؤں اور آشا خادماؤں کی بھی عزت افزائی کی جائے گی۔ اِس اسکیم کے تحت خواتین کے آدھار سے منسلک بینک کھاتوں میں جولائی اور اگست مہینے کے لیے 3/ہزار روپئے جمع کرنا کل سے شروع کر دیا گیا ہے۔

اِسی بیچ کھیل اور نوجوانوں کی بہبود کے وزیر سنجئے بنسوڑے نے کہا کہ یہ اسکیم ہمیشہ جاری رہے گی۔

***** ***** *****

وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے نے مصنوعی ذہانت AI پر مبنی ڈیجیٹل مارکیٹنگ ایپ تیار کرنے کی ہدایت دی ہے تاکہ خواتین کے بچت گروپوں اور خواتین کاروباریوں کے ذریعے تیار کردہ مصنوعات کو قومی سطح پر دستیاب کیا جا سکے۔ وزیر اعلیٰ کل ممبئی کے سہیادری گیسٹ ہاؤس میں منعقدہ ایک میٹنگ میں بول رہے تھے۔ اِس موقع پر انھوں نے اُمید اور نیشنل اَربن لاؤلی ہوڈ مشن اور وُمن ایکونامک ڈیولپمنٹ کارپوریشن کو مل کر ایک پلیٹ فارم بنانے کی ہدایت دی۔

وزیر اعلیٰ نے ہدایت دی کہ بچت گروپوں کی تعداد میں اضافہ کیا جائے۔ چھٹی کے دن ضلع پریشد اسکولوں کے میدانوں میں بچت گروپوں کے لیے سیلس روم کا انتظام کیا جائے۔ انھوں نے یہ تجویز پیش کی کہ دیہی علاقوں کے اپنی مدد آپ گروپوں کی مصنوعات کو شہروں کے بازاروں میں پہنچایا جائے۔ اِس موقع پر دھرم ویر آنندِ دِگھے مہا روزگار ایپ کے ذریعے سرکاری سطح پر غیر منظم کارکنان کے ڈیجیٹل جوب کارڈ بنانے کا تصور پیش کیا گیا۔

ریاست میں فی الحال امید کے تحت کم و بیش 6/لاکھ اپنی مدد آپ گروپس، این یو ایل ایم کے 31/ہزار اور ایم اے وی آئی ایم کے تحت 87/ہزار دیہی اور 65/ہزار شہری اِس طرح کُل 7/لاکھ 82/ہزار اپنی مدد آپ گروپس کام کر رہے ہیں۔

***** ***** *****

آئندہ ریاستی اسمبلی انتخابات کے پیش نظر کل مہا وِکاس آگھاڑی کے عہدیداران کی میٹنگ کا انعقاد کیا گیا۔ شیوسینا اُدھو بالا صاحب ٹھاکرے پارٹی کے سربراہ اُدھو ٹھاکرے نے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے زور دے کر کہا کہ یہ اتحاد چُناؤ کا سامنا کرنے کے لیے تیار ہے۔ ٹھاکرے نے تیقن دیا کہ راشٹروادی کانگریس کے شرد چندر پوار پارٹی کے صدر شرد پوار اور کانگریس پارٹی کے قائد بالا صاحب تھورات کو وزیر اعلیٰ عہدے کے چہرے کا اعلان کر دینا چاہیے۔ ٹھاکرے نے کہا کہ وہ اُس کی حمایت کریں گے۔

اِس موقع پر رکن پارلیمان سُپر یہ سُلے نے رائے دی کہ ریاست میں جلد از جلد نشستوں کی تقسیم کا اعلان کیا جانا چاہیے۔ تاکہ ہر کوئی کام پر لگ جائے۔ کانگریس کے بالا صاحب تھوارت نے کارکنان کو کام شروع کر دینے کا مشورہ دیا۔

***** ***** *****

ریاستی اسمبلی میں کانگریس پارٹی کے قائد بالا صاحب تھوارت کی کانگریس ورکنگ کمیٹی کے رکن کے طور پر نامزد کیا گیا ہے۔ اِسی طرح پارٹی کے دیگر قائد نسیم خان کو خصوصی رکن کے طور پر ورکنگ کمیٹی میں جگہ دی گئی ۔

***** ***** ***** ***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں

***** ***** ***** ***** ***** *****

مرکزی انتخابی کمیشن نے ریاست میں آئندہ انتخابات کے پیش نظر چند پارٹیوں میں انتخابی نشان تقسیم کیے ہیں۔ اِن میں ونچت بہوجن آگھاڑی کو گیس سلینڈر اور بچو کڑو کی پرہار جن شکتی پارٹی کو کرکٹ کے بلّے کا نشان دیا گیا ہے۔

***** ***** *****

مرکزی انتخابی کمیشن نے ریاست میں آئندہ چُناؤ کے پیس منظر میں اِس برس دوسرے خصوصی مختصر جائزہ پروگرام کا اعلان کیا ہے۔ اِس پروگرام کے تحت موجودہ رائے دہندگان کے لیے ووٹرس لسٹ میں تبدیلی ' اصلاح اور دیگر تفصیلات کو اپ ڈیٹ کرنے کے ساتھ ساتھ نئے ووٹرس کے ناموں کا اندراج بھی کیا جائے گا۔ ووٹرس لسٹ میں اب ناموں کے ساتھ ساتھ رائے دہندگان کے موبائل نمبر بھی شامل کیا جاسکتے گا۔ اِس پروگرام کے تحت رائے دہندگان کی جانب سے دعوے اور اعتراضات داخل کرنے کے لیے 20/اگست 2024ء تک کی مدت مقرر کی گئی ہے۔

***** ***** *****

70/رویں نیشنل فلم ایوارڈس کا کل اعلان کیا گیا۔ اِن میں واڑوی نامی فلم نے بہترین مراٹھی فلم کا ایوارڈ حاصل کیا۔ مرکزی وزارت اطلاعات و نشریات کی جانب سے اِن فلمی انعامات کا اعلان کیا گیا ہے۔ ساحل ویدیہ کی ہدایت کاری میں بننے والی مراٹھی دستاویزی فلم آدی گنجن کو بہترین دستاویزی فلم کے طور پر نامزد کیا گیا ہے۔ اِس دستاویزی فلم کے لیے سُمنت شندے کو بہترین وائس اوور کے انعام سے نوازہ گیا ہے ۔ سچن سوریہ ونشی کی مراٹھی فلم وارسا کو بہترین آرٹ کلچر فلم کا ایوارڈ دیا گیا ہے۔

گُل مہر کو بہترین ہندی فلم قرار دیا گیا۔ تِروچترم بلم نامی فلم کے لیے نیتا منس کو اور کچھ ایکسپریس کے لیے مانسی پاریکھ کو بہترین اداکارہ کے انعام سے نوازا گیا ہے۔ وہیں رِشبھ شیٹی کو کنڑ فلم کنتارہ کے لیے بہترین اداکار اور سورج برجاتیہ کو اونچائی نامی فلم کے لیے بہترین ہدایت کار ایوارڈ دیا گیا ہے۔ بہترین میوزک ڈائریکشن کا انعام تمل فلم پونیا سلوان کے لیے اے آر رحمان اور ہندی فلم برہمستر پارٹ ایک شیوا کے لیے پریتم کو مشترکہ طور پر ظاہر کیا گیا ہے۔ وہیں ارجیت سنگھ نے گانے کیسریا کے لیے بہترین پلے بیک سنگر کا ایوارڈ جیتا ہے۔

***** ***** *****

دھاراشیو میں سرکاری میڈیکل کالج کے قیام کے لیے محکمہ آبی وسائل اور سرکاری صنعتی تربیتی اِدارے کی کھلی جگہ مختص کی گئی ہے۔ دھاراشیو تعلقے کے تحصیل دار نے میڈیکل کالج کی ڈین ڈاکٹر شلپا ڈوم کنڈوار کو 8/ہیکٹر 30/گنٹھہ قطہ اراضی کا قبضہ سونپ دیا ہے۔ اِس سائٹ پر ہر طرح کی سہولیات سے لیس کالج کی عمارت تعمیر کرنے کی خاطر تصوراتی مقابلے کے ذریعے بہترین ڈیزائن کا انتخاب کیا گیا ہے۔ رکن اسمبلی پاٹل نے بتایا کہ اِس خصوص میں 513/کروڑ روپیوں کی نظرثانی شدہ تجویز حکومت کو انتظامی منظوری کے لیے پیش کی گئی ہے۔

***** ***** *****

دیگر پسماندہ بہوجن کی فلاح و بہبود کے محکمے کی جانب سے ریاست میں 72/ہاسٹیل تعمیر کیے جائیں گے۔ گھروں کی تعمیر اور دیگر پسماندہ بہوجنوں کی بہبود کے ریاستی وزیر اتُل ساوے نے کہا کہ اِس سماج کے طلباء کی تعلیم کی خاطر بہت زیادہ سہولیات فراہم کی جائے گی۔ ساوے کے ہاتھوں کل چھترپتی سنبھاجی نگر میں اِس سلسلے کی پہلی اقامت گاہ کا افتتاح عمل میں آیا۔

اِس موقع پر وزیر موصوف نے تیقن دیا کہ جن طلباء کو اُن کی اقامت گاہوں میں داخلہ نہ مل سکے انہیں ساوتری بائی پھُلے آدھار اسکیم اور سویم اسکیم کے تحت مالی مدد دی جائے گی۔

***** ***** *****

نئی نسل کو لاتور ضلع کی تاریخ اور اُس کی گواہی دینے والے ورثے کے مقامات کے بارے میں معلومات دینے کی خاطر تاریخ سے محبت کرنے والے شہریوں اور لاتور ضلع انتظامیہ نے ایک اختراعی پروگرام لاتور ہیریٹیج واک کا آغاز کیا ہے۔ اِس ہیریٹیج واک کا آغاز کل لاتور ضلعے کے یوم تاسیس کے موقع پر کیا گیا۔ اس مناسبت سے گنج گولائی علاقے کے پورنمل لاہوتی اسکول کے طلباء نے شنبھر چی زہالی گولائی نامی گیت پر رقص پیش کیا

***** ***** *****

معذور کھلاڑیوں کے پیرا اولمپک کھیل 28/اگست سے پیرس میں شروع ہو رہے ہیں۔ 8/ستمبر تک جاری رہنے والے اِس ٹورنامنٹ میں 84/کھلاڑیوں پر مشتمل بھارتی ٹیم حصہ لے رہی ہے۔ کھیل کے مرکزی وزیر منسکھ مانڈویہ نے اِن کھیلوں کے لیے بھارتی ٹیم کو تہنیت پیش کی ہے۔

***** ***** *****

ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی کے دھاراشیو کیمپس میں پانی کے تحفظ سے متعلق ورک شاپ کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ منتظمین نے کہا ہے کہ اِس ورک شاپ کے دوران مراٹھواڑہ میں پانی کی صورت حال پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔

***** ***** *****

**آخر میں اہم خبروں کی سرخیاں ایک مرتبہ پھر سن لیجیے ...**

☆ **وزیر اعلیٰ میری لاڈلی بہن اسکیم کے تحت امدادی تقسیم کے ریاستی سطح کے پروگرام کا آج پونے میں انعقاد**

☆ **خواتین بچت گروپوں اور خواتین کاروباریوں کی مصنوعات کو قومی سطح پر بازاروں میں دستیاب کرانے کی وزیر اعلیٰ کی ہدایت**

☆ **مہا وِکاس آگھاڑی کے وزیر اعلیٰ چہرے کی حمایت کا اُدھو ٹھاکرے نے دیا تیقن**

☆ **70/ویں نیشنل فلم ایوارڈس کا اعلان ' واڑوی کو بہترین مراٹھی فلم کا اعزاز**

**اور**

☆ **دھاراشیو میں سرکاری میڈیکل کالج کے قیام کے لیے 8/ہیکٹر زمین کی فراہمی**

**علاقائی خبریں ختم ہوئیں**

**آپ یہ خبرنامہ ہمارے یوٹیوب چینل AIR چھترپتی سنبھاجی نگر پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔**

☆☆☆